© rasailojaraid.com



## تقریری مقابلہ میں جامعہ کے طالبعلم کا اعزاز

تحریک دعوت توحید پاکستان کی جانب سے توحید باری تعالیٰ کے موضوع پر جامع مسجد اسماعیل شہید اسلام آباد میں مدارس اور کالجز کے طلبہ کے درمیان تقریری مقابلہ زیر صدارت حافظ مقصود احمد ایڈیٹر ماہنامہ دعوۃ التوحید اسلام آباد ہوا جس میں جامعہ علوم اُثریہ جہلم کے درجہ ثانیہ عالیہ کے طالبعلم عکاشہ مدنی بن علامہ محمد مدنی رحمہ اللہ نے دوسری پوزیشن حاصل کی۔ علاوہ ازیں درجہ ثانیہ عالیہ کے طالبعلم غضنفر علی اور اُولیٰ عالیہ کے عبدالمقیت کو اعزازی انعام دیا گیا۔

## تبلیغی پروگرام

۱۔ جامع مسجد دارالسلام اہل حدیث بھیلووال (پنڈدادنخان) میں مورخہ 28 نومبر بروز جمعرات رئیس الجامعہ کی صدارت میں عظیم الشان جلسہ ہوا۔ جس میں مولانا سید سبطین شاہ نقوی (سرگودھا) اور مولانا یوسف راشد نے خطاب کیا۔

۲۔ جامع مسجد ابوبکرؓ اہل حدیث ڈھوک جمعہ میں مورخہ 2 جنوری کا خطبہ جمعہ مولانا منظور احمد نے ارشاد فرمایا۔

۳۔ جامع مسجد اہل حدیث کوٹلہ آئمہ میں رئیس الجامعہ کی زیر صدارت شان صحابہؓ کانفرنس ہوئی جس میں مولانا منظور احمد (گوجرانوالہ) اور مولانا عتیق اللہ عمر نے خطاب کیا۔ رئیس الجامعہ نے صدارتی خطبہ ارشاد فرمایا۔



## بارک اللہ، محمد کاشف (توحید فرنیچکو، اُثریہ روڈ جہلم) کو صدمہ

بارک اللہ، محمد کاشف (توحید فرنیچکو) کی والدہ محترمہ مورخہ 29 نومبر بروز اتوار وفات پاگئیں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحومہ انتہائی نیک اور بااخلاق خاتون تھیں۔ مرحومہ کی نماز جنازہ رئیس الجامعہ نے پڑھائی۔

## محمد طارق، محمد عارف و محمد آصف (ڈھوک صوبیدار، ضلع جہلم) کو صدمہ

مورخہ 4 دسمبر بروز جمعرات محمد طارق، محمد عارف و محمد آصف کے والد نذیر احمد اچانک وفات پاگئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحوم جامع مسجد اہل حدیث ڈھوک صوبیدار کے مستقل نمازی ہونے کے ساتھ ساتھ بڑے ہی نیک، متقی اور بااخلاق انسان تھے۔ مرحوم نے اپنی پوری زندگی دین کیلئے وقف کر رکھی تھی حتیٰ کہ جہاں بھی کوئی دینی پروگرام ہوتا وہاں پہنچ جاتے۔ مرحوم کی نماز جنازہ مولانا قطب شاہ نے ڈھوک صوبیدار میں پڑھائی۔

## محمد رضوان کوٹلہ آئمہ کو صدمہ

مورخہ 15 دسمبر بروز سوموار محمد رضوان کوٹلہ آئمہ کے والد منشی مختار احمد وفات پاگئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحوم صوم وصلوٰۃ کے پابند اور بااخلاق انسان تھے۔ مرحوم کی نماز جنازہ مولانا حافظ اخلاق احمد نے پڑھائی۔

## شاہد عزیز ڈار، زاہد عزیز ڈار کو دوہرا صدمہ

محلہ خواجگان جہلم میں ہمارے جماعتی ساتھی شاہد عزیز ڈار، زاہد عزیز ڈار (جو کہ اب لندن رہائش پذیر ہوچکے ہیں) کی ہمشیرہ محترمہ مورخہ 4 دسمبر بروز جمعرات کو لندن میں جبکہ ان کی پھوپھی محترمہ اوران کے بہنوئی محمد اقبال کی والدہ محترمہ مورخہ 19 دسمبر بروز جمعہ بریڈ فورڈ میں وفات پاگئیں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ اُن کی غائبانہ نماز جنازہ مرکزی جامع مسجد چوک اہل حدیث میں نماز جمعہ کے بعد ادا کی گئی۔

ادارہ ''حرمین'' و جامعہ علوم اُثریہ اور مرکزی جمعیت اہل حدیث جہلم مذکورہ بالا مرحومین کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ اللہ تعالیٰ مرحومین کی لغزشوں، کوتاہیوں اور گناہوں کو معاف فرمائے اور انہیں جنت الفردوس میں بلند مقام عطا فرمائے اور ورثاء کو صبر جمیل کی توفیق عطا فرمائے۔ (آمین)



© rasailojaraid.com